Shabbir / Farooqui

31-03-2026

08.30 Hrs

HL-Opening

آ کاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

(Music)

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں ضمیر رضوی

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---

1- وزیراعظم نریندر مودی آج گجرات کے Vav-Tharad میں تقریباً 20 ہزار کروڑ روپے مالیت کے کئی ترقیاتی پروجیکٹوں کا آغاز کریں گے۔ وزیراعظم گاندھی نگر میں سمراٹ Samprati میوزیم کا بھی افتتاح کریں گے۔

2- وزیر داخلہ امت شاہ نے کہا ہے کہ مودی حکومت کی جانب سے کیے گئے اقدامات کے سبب ملک بائیں بازو کی انتہا پسندی سے پاک ہوگیا ہے۔

3- حکومت نے کل سے شروع ہو رہے مردم شماری 2027 کے پہلے مرحلے کیلئے 33 سوالات کو نوٹیفائی کیا ہے۔

4 - ملک بھر میں 24ویں اور آخری جین تیرتھنکر بھگوان مہاویر کے یومِ پیدائش پر آج مہاویر جینتی منائی جا رہی ہے۔

5- امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے خبردار کیا ہے کہ اگر تہران کے ساتھ جنگ ختم کرنے کیلئے سمجھوتہ جلد طے نہیں پاتا ہے تو ایران کے توانائی کے وسائل کو بڑے پیمانے پر تباہ کردیا جائے گا۔

6- اور : بھارت کی شیتل دیوی کو اُن کی غیر معمولی کامیابیوں کیلئے ورلڈ آرچری کی جانب سے سال 2025 کی پیرا تیر انداز قرار دیا گیا ہے۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

PM Gujarat Visit

وزیر اعظم نریندر مودی آج گجرات کا ایک روزہ دورہ کریں گے۔ وزیراعظم Vav-Tharad میں تقریباً 19 ہزار 806 کروڑ روپے کے ترقیاتی پروجیکٹوں کا افتتاح کریں گے اور سنگِ بنیاد رکھیں گے۔ جناب مودی بجلی، سڑک، ٹرانسپورٹ اور شاہراہوں نیز ریلوے کی وزارتوں کے تقریباً 10 ہزار 921 کروڑ روپے کے ترقیاتی پروجیکٹوں کا افتتاح اور سنگِ بنیاد رکھیں گے۔

وزیراعظم گجرات حکومت کے مختلف محکموں جیسے شہری ترقیات، آبی وسائل، پینے کے پانی کی فراہمی، سڑک اور عمارت، جی آئی ڈی سی، صحت و خاندانی بہبود، سیاحت اور قبائلی ترقی سے متعلق 8 ہزار 886 کروڑ روپے مالیت کے ترقیاتی کاموں کا آغاز کریں گے۔ وزیراعظم گاندھی نگر میں سمراٹ Samprati میوزیم کا بھی افتتاح کریں گے۔

پیش ہے ایک رپورٹ:

V/C Harshal Pandiya

وزیر اعظم کچھ ضلع کے علاقے Khavda میں واقع دنیا کے سب سے بڑے ہائبرڈ قابلِ تجدید توانائی پارک میں 3ہزار 664 کروڑ روپے کے تین بجلی پروجیکٹوں کو ملک کے نام وقف کریں گے۔ اس کے علاوہ وہ Idar-Badoli بائی پاس چار لین سڑک اور Dholavira-Mauana-Wowa-Santalpur سیکشن کا سنگِ بنیاد بھی رکھیں گے جس کی لاگت تقریباً 750 کروڑ روپے ہے۔

وزیر اعظم Ahmeaabad-Dholera ایکسپریس وے کے پیکج 1 سے 4 کا افتتاح بھی کریں گے، جو تقریباً 5 ہزار 105 کروڑ روپے کی لاگت سے تیار ہوئے ہیں۔

وہ وزارتِ ریلوے کے 891 کروڑ روپے کے پروجیکٹوں کو بھی قوم کے نام وقف کریں گے۔

اس کے علاوہ وہ Khedbrahma کے مقام سے Khedbrahma-Himmatnagar-Asarwa ٹرین کو ہری جھنڈی دکھائیں گے۔ وزیر اعظم پردھان منتری آواس یوجنا گرامین کے تحت گجرات کے 34 ضلعوں میں 38 ہزار 949 مکانات شہریوں کو سونپیں گے، جس سے دیہی علاقوں کے لوگوں کا اپنا گھر حاصل کرنے کا خواب پورا ہوگا۔x

احمد آباد سے ہرشل پانڈیا کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں ..........

PM Netherlands PM

وزیراعظم نریندر مودی نے کل نیدرلینڈس کے وزیراعظم Rob Jetten سے ٹیلی فون پر بات چیت کی۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر جناب مودی نے کہا کہ بات چیت کے دوران انھوں نے بھارت اور نیدرلینڈس کے درمیان تعلقات کو مزید مستحکم کرنے کے طور طریقوں پر تبادلۂ خیال کیا۔

انھوں نے مزید کہا کہ بات چیت کے دوران سیمی کنڈکٹرس، بڑے آبی پروجیکٹس، گرین ہائیڈروجن اور باصلاحیت افراد کی منتقلی جیسے شعبوں میں ساجھیداری کے امکانات کو اجاگر کیا گیا۔ جناب مودی نے کہا کہ دونوں رہنماؤں نے مغربی ایشیا کے موجودہ حالات پر خیالات کا تبادلہ کیا اور خطے میں امن و استحکام کی جلد بحالی کی ضرورت پر زور دیا۔x

Prez. Bihar Karnataka Visit

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو آج سے بہار اور کرناٹک کا دورہ کریں گی۔ اپنے دورے کے پہلے دن محترمہ مرمو بہار کے راجگیر میں نالندہ یونیورسٹی کے جلسۂ تقسیم اسناد میں شرکت کریں گی۔ کل صدر جمہوریہ کرناٹک کے Tumakuru میں سری سِدّ اگنگا مٹھ میں ڈاکٹر سری سری شیوکمار مہاسوامی جی کے 119ویں یومِ پیدائش اور گرو وَندَن کی تقریبات میں شرکت کریں گی۔x

Shah Nazalism Debate

وزیر داخلہ امت شاہ نے کہا ہے کہ مودی حکومت کی جانب سے کیے گئے اقدامات کے سبب ملک بائیں بازو کی انتہاپسندی سے پاک ہوگیا ہے۔ جناب شاہ نے کہا کہ بائیں بازو کی انتہا پسندی نے متاثرہ علاقوں کی ترقی کو محدود کر دیا تھا لیکن اب نریندر مودی کی حکومت کے تحت، ان علاقوں تک ترقی پہنچ رہی ہے۔ جناب شاہ نے زور دے کر کہا کہ جو کوئی بھی ہتھیار اٹھائے گا، اُس کے ساتھ سختی سے نمٹا جائے گا اور گولی کا جواب گولی سے دیا جائے گا۔

جناب شاہ کل لوک سبھا میں، ضابطہ 193 کے تحت بائیں بازو کی انتہاپسندی سے ملک کو آزاد کرانے کی کوششوں پر ہونے والی بحث کا جواب دے رہے تھے۔

S/B Amit Shah Final

Census-2027

حکومت نے مردم شماری-2027 کے پہلے مرحلے کے تحت پوچھے جانے والے 33 سوالوں کو نوٹیفائی کردیا ہے۔ نئی دلّی میں اخباری کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے بھارت کے مردم شماری کمشنر اور راجسٹرار جنرل مُرتیونجے کمار نارائن نے بتایا کہ مردم شماری دو مرحلوں میں ہوگی۔ جناب نارائن نے کہا کہ پہلے مرحلے میں مکانات کی فہرست بندی اور ذاتی معلومات درج کرنے کا کام کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کی جانب سے ترتیب دیئے گئے شیڈیول کے مطابق مردم شماری کا پہلا مرحلہ ایک اپریل سے 30 ستمبر کے درمیان ہوگا۔

کمشنر نے بتایا کہ اِس سال ذاتی معلومات جمع کرنے کی سہولت ایک اپریل اور 31 اگست کے درمیان 15 دنوں کیلئے دستیاب کرائے جائے گی۔

ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کیلئے یہ دورانیہ مختلف ہوسکتا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ہر ریاست اور مرکز کے زیر انتظام علاقے کی جانب سے ذاتی معلومات جمع کرنے کا کام مکمل ہونے کے بعد 30 ستمبر تک 30 دن کی گھروں کی فہرست بندی مہم کا انعقاد کیا جائے گا۔ کمشنر نے مزید بتایا کہ از خود معلومات جمع کرنے سے متعلق پورٹل 16 زبانوں میں دستیاب رہے گا۔×

Mahavir Jayanti

آج ملک بھر میں آج 24ویں اور آخری جین تیرتھنکر بھگوان مہاویر کے یومِ پیدائش پر مہاویر جینتی، منائی جا رہی ہے۔ مہاویر جینتی، جین برادری کے لیے نہایت مقدس دن سمجھا جاتا ہے اور ان کی مذہبی زندگی میں اس دن کی بڑی اہمیت ہے۔

بھگوان مہاویر کے پیروکار اس فیسٹیول کو دعائیں پڑھ کر، پرساد پیش کرکے اور رتھ یاترا میں حصہ لے کر مناتے ہیں۔

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے مہاویر جینتی کے موقع پر ملک کے عوام، خصوصاً جین برادری کے بھائیوں اور بہنوں کو مبارکباد پیش کی ہے۔ اپنے پیغام میں صدر جمہوریہ نے کہا کہ بھگوان مہاویر کے پانچ اصول — اہنسا (عدم تشدد)، ستیہ (سچائی)، استیہ (چوری نہ کرنا)، برہمچریہ (ضبطِ نفس) اور اپریگرہ (غیر ضروری مال و دولت سے بے رغبتی) — انسان کو زندگی میں صحیح راستے پر چلنے کی ترغیب دیتے ہیں۔x

BREAK

یہ خبرنامہ آ کاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

Delhi Film Festival

7 روزہ دلّی بین الاقوامی فلم فیسٹول 2026 آج نئی دلّی کے بھارت منڈپم میں اختتام پذیر ہوگا۔ فیسٹول کی اختتامی تقریب کل منعقد کی گئی، جس میں دلّی کے لیفٹیننٹ گورنر ترن جیت سنگھ سندھو، وزیراعلیٰ ریکھا گپتا اور سیاحت اور ثقافت کے ریاستی وزیر کپل مشرا نے شرکت کی۔ اس موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے دلّی کے لیفٹیننٹ گورنر نے سنیما کی بدلاؤ لانے والی طاقت کو نمایاں کیا اور کہا کہ انتہائی ذاتی نوعیت کی کہانیاں، سرحدوں اور ثقافتوں کے پار گونجتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ فیسٹول کے دوران کئی زبانوں کی کہانیوں کو پیش کیا گیا، جس سے شائقین کو غیر مانوس دنیا کا تجربہ ہوا اور وہ مشترکہ انسانی جذبات اور احساسات کو محسوس کرپائے۔
اس دوران دلّی کی وزیراعلیٰ ریکھا گپتا نے کہا کہ فلم فیسٹول، ملک بھر کے اُبھرتے ہوئے فنکاروں اور تخلیق کاروں کی صلاحیت کو دنیا کے سامنے پیش کرنے کا طاقتور وسیلہ ہے۔x

Constituency Profile Pathanpuram

کیرالم میں نئی آسمبلی کے انتخاب کیلئے 9 اپریل کو پولنگ ہوگی۔ انتخابی حلقوں کا خاکہ پیش کئے جانے سے متعلق سیریز میں آج ہم کولّم ضلع کے پٹھانا پورم آسمبلی حلقے کا جائزہ لے رہے ہیں۔
پیش ہے ایک رپورٹ۔

V-C Smithy M Palluruthy

ضلع کولّم کے پٹھانا پورم حلقے میں آسمبلی انتخابات کیلئے 7 امیدواروں کے درمیان مقابلہ دیکھنے کو مل رہا ہے۔ برسراقتدار LDF نے موجودہ MLA اور وزیر کے بی گنیش کمار (کیرالہ کانگریس بی) کو میدان میں اتارا ہے۔ NDA کی جانب سے ٹوئنٹی-20 پارٹی کے انیل پلئی امیدوار ہیں، جبکہ کانگریس کے رہنما جیوتی کمار Chamakkala اس حلقے میں UDF کے امیدوار ہیں۔ اس کے علاوہ BSP کے وِپن کنی کوناتھو، DHRM پارٹی کے انیش

Kilimanoor اور دو آزاد امیدوار بھی پٹھانا پورم میں انتخابی میدان میں ہیں۔ گزشتہ آسمبلی انتخابات میں کے بی گنیش کمار نے جیوتی کمار چمکلا کو 14 ہزار سے زائد ووٹوں کے فرق سے شکست دی تھی۔ پٹھاناپورم حلقے میں کُل ووٹروں کی تعداد ایک لاکھ 79 ہزار سے زیادہ ہے، جن میں 94 ہزار سے زائد خواتین ووٹر شامل ہیں۔

تروانت پورم سے اسمتھی ایم پلّورتھی کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں......

WB Nomination

مغربی بنگال آسمبلی انتخابات کے لیے کاغذاتِ نامزدگی داخل کرنے کے پہلے دن ریاست بھر میں مجموعی طور پر 78 امیدواروں نے اپنے کاغذات جمع کرائے۔

اہم امیدواروں میں مغربی بنگال آسمبلی میں اپوزیشن لیڈر سویندو ادھیکاری نے مشرقی مدنی پور ضلع کے نندی گرام حلقے سے اپنا پرچہ داخل کیا۔ اس موقع پر مرکزی وزیر دھرمیندر پردھان اور BJP کے سابق ریاستی صدر دلیپ گھوش سمیت پارٹی کے دیگر سینئر پارٹی رہنما بھی موجود تھے۔x

Assam Home Voting

آسام میں 85 سال سے زیادہ عمر کے افراد اور معذور لوگوں کیلئے گھر سے ہی ووٹ ڈالنے کا عمل شروع ہوگیا ہے۔ بھارت کے انتخابی کمیشن کے مطابق ریاست میں 85 سال سے زیادہ عمر کے کُل 19 ہزار 774 معمر رائے دہندگان اور 6 ہزار 638 معذور افراد کو ریٹرننگ افسران کی جانب سے گھر سے ووٹ ڈالنے کی سہولت کیلئے منظوری دی گئی ہے۔ آسام، کیرالم اور پدوچیری کے مختلف آسمبلی حلقوں میں گھر سے ہی ووٹ ڈالنے کا عمل فی الحال جاری ہے، جو پانچ اپریل تک مکمل ہوگا۔x

Trump Iran

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ اگر تہران کے ساتھ جلد ہی کوئی سمجھوتہ نہیں ہوتا ہے، تو ایران کے پانی صاف کرنے کے پلانٹس سمیت توانائی کے وسائل اور دیگر اہم بنیادی ڈھانچوں کو زبردست تباہی کا سامنا کرنا پڑے گا۔ ایک نیوز چینل کے ساتھ انٹرویو میں جناب ٹرمپ نے یہ انتباہ دیا۔ انہوں نے کہا کہ امریکی فوجیں ایران کے تیل برآمد کرنے کے ہَب Kharg جزیرے پر کنٹرول حاصل کرسکتے ہیں۔ وہیں ایران نے بھی دھمکی دی ہے کہ اگر اُس کے علاقے پر حملہ کیا جاتا ہے، تو وہ خلیج فارس میں بارودی سُرنگیں بچھادے گا۔

امریکہ اور اسرائیل نے ایران پر اپنے حملے کل بھی جاری رکھے۔ وہیں ایران نے کویت میں پانی اور الیکٹرک کے اہم پلانٹ پر حملے کئے۔ دوسری جانب اسرائیل میں ایک آئل ریفائنری آگ کی زَد میں آ گئی۔x

DGCA-GSV MoU

شہری ہوا بازی کے ڈائریکٹوریٹ جنرل، DGCA اور گتی شکتی وِشو وِدیالیہ، GSV نے ایوی ایشن انجینئرنگ اور ایوی ایشن مینجمنٹ سمیت ہوا بازی کے وسیع تر شعبوں میں نوجوانوں کو تربیت دینے کیلئے مفاہمت نامے پر دستخط کئے ہیں۔ شہری ہوا بازی کی وزارت نے بتایا کہ DGCA فیض احمد قدوائی اور GSV کے وائس چانسلر پروفیسر منوج چودھری نے معاہدے پر دستخط کئے۔ دستخط کئے جانے کی تقریب میں شہری ہوا بازی کے وزیر کے-رام موہن نائیڈو، ریلوے کے وزیر اشونی ویشنو اور DGCA، ریلویز اور GSV کے سینئر افسران موجود تھے۔

اس موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے شہری ہوابازی کے وزیر نے کہا کہ اس مفاہمت نامے کی بدولت ہوا بازی کے شعبے میں مجموعی طور پر افرادی قوت کا منظرنامہ، جسے حکومت آنے والے کل کیلئے تشکیل دینے کی کوشش کررہی ہے، یکسر تبدیل ہوجائے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ وزیراعظم نریندر مودی کی قیادت میں ملک، گزشتہ 12 سال کے دوران زبردست تبدیلی کے دور سے گزرا ہے۔x

Shivraj Rabi Season

زراعت اور کسانوں کی بہبود کے وزیر شیوراج سنگھ چوہان نے ریاستی حکومتوں کی جانب سے پیش کی گئی تجاویز کو منظوری دے دی ہے، جس کے تحت ربیع سیزن 2025-26 کے دوران ہریانہ، اترپردیش اور کرناٹک میں دالوں اور تلہن کی ریکارڈ مقدار کو کم از کم امدادی قیمت MSP پر خریدا جائے گا۔

زراعت اور کسانوں کی بہبود کی وزارت کے مطابق یہ خریداری قیمت امدادی اسکیم PSS کے تحت کی جائے گی، جس سے کسانوں کو اپنی فصلیں بہت کم قیمت پر فروخت کرنے کی مجبوری سے راحت ملے گی۔

وزارت نے مزید بتایا کہ ہریانہ، اتر پردیش اور کرناٹک کے لیے منظور شدہ PSS تجاویز کے ذریعے اہم دالوں اور تلہن جیسے چنا، مسور، سرسوں اور کُسم/سیفلاور کی سائنسی اور منظّم طریقے سے MSP پر خرید کو یقینی بنایا جائے گا۔x

UPSC Result

اترپردیش پبلک سروس کمیشن کی جانب سے منعقدہ ریاستی سول سروس امتحان 2024 کے نتائج کا اعلان کردیا گیا ہے۔ کُل 932 امیدواروں کو منتخب قرار دیا گیا ہے۔ اِن میں 92 اعشاریہ سات فیصد یعنی کُل 864 امیدواروں کا تعلق اترپردیش سے ہے جبکہ سات اعشاریہ تین فیصد یعنی 68 امیدواروں کا تعلق دیگر ریاستوں سے ہے۔منتخب ہونے والے امیدواروں میں اترپردیش کے علاوہ بہار، دلی، ہریانہ، راجستھان، مدھیہ پردیش، مہاراشٹر، پنجاب، جھارکھنڈ، اتراکھنڈ اور چھتیس گڑھ جیسی ریاستوں کے امیدوار بھی ہیں۔x

Mission Karamyogi Sadhana Sapath

مشن کرم یوگی، جسے سول سروسز کی صلاحیت سازی کا قومی پروگرام بھی کہا جاتا ہے، حکومت ہند کا ایک اہم فلیگ شپ اقدام ہے، جس کا مقصد مسلسل سیکھنے اور صلاحیتوں پر مبنی تربیت کے ذریعہ سول سروسز میں اصلاحات لانا ہے۔ اس اقدام کے تحت ''سادھنا سَپتاہ'' کے عنوان سے ایک ہفتہ طویل صلاحیت سازی پروگرام 2 اپریل سے 8 اپریل تک منایا جائے گا، جس کا مقصد سرکاری افسران کی مہارتوں میں اضافہ کرنا اور جدید ٹیکنالوجی کو اپنانے کو فروغ دینا ہے۔

آکاشوانی نیوز سے خصوصی گفتگو کرتے ہوئے Capacity بلڈنگ کمیشن کے رکن H.R ڈاکٹر آر بالاسبرامنیم نے کہا کہ مشن کرم یوگی سرکاری افسران کو مستقبل کے تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے میں اہم کردار ادا کررہا ہے اور ملک میں صلاحیت سازی کے نظام کو ایک نئی جہت عطا کر رہا ہے۔x

Sheetal Devi

بھارت کی Sheetal دیوی کو اُن کی غیر معمولی حصولیابیوں کیلئے ورلڈ آرچری کی جانب سے ''سال 2025 کی پیراتیرانداز'' قرار دیا گیا ہے۔ اُن کی شاندار کامیابیوں میں تاریخی عالمی چیمپئن شپ کا خطاب بھی شامل ہے۔جموں و کشمیر سے تعلق رکھنے والی 19 سالہ Sheetal دیوی بغیر بازوؤں والی پہلی اور واحد خاتون تیر انداز ہیں، جنھوں نے عالمی پیرا تیر اندازی چمپئن شپ میں سونے کا تمغہ جیتا۔ انہوں نے پچھلے سال جنوبی کوریا کے شہر Gwangju میں خواتین کے کمپاؤنڈ انفرادی مقابلے میں پہلی پوزیشن حاصل کی تھی۔ انہوں نے عالمی چمپئن شپ میں تمغوں کا مکمل سیٹ بھی حاصل کیا تھا، جس میں خواتین ٹیم کا چاندی کا تمغہ اور مکسڈ ٹیم کا کانسے کا تمغہ شامل ہے۔x

IPL Cricket

IPL کرکٹ میں کل گوہاٹی کے بَرسا پاڑا کرکٹ اسٹیڈیم میں کھیلے گئے میچ میں راجستھان رائلز نے چنئی سُپر کنگس کو 8 وکٹ سے ہرادیا۔ چنئی سپرکنگس کی جانب سے دیئے گئے 128 رن کے نشانے کیلئے کھیلتے ہوئے راجستھان رائلز نے 12 اوور اور ایک گیند میں صرف 2 وکٹ کھوکر یہ ہدف حاصل کرلیا۔

IPL میں آج پنجاب کنگس کا مقابلہ گجرات ٹائٹنس سے ہوگا۔ یہ میچ نیوچنڈی گڑھ کے Mullanpur میں واقع مہاراجہ Yadavindra سنگھ انٹرنیشنل کرکٹ اسٹیڈیم میں شام ساڑھے سات بجے کھیلا جائے گا۔x

Khelo India Tribal Games

کھیلو انڈیا ٹرائیبل گیمز کے ساتویں دن آج چھتیس گڑھ کے رائے پور میں تیر اندازی اور فٹبال میچوں کا انعقاد ہوگا، جبکہ کُشتی مقابلے Surguja میں منعقد ہوں گے۔

فٹبال میں خواتین کے زُمرے کے دونوں سیمی فائنل بھی آج کھیلے جائیں گے۔ خواتین ہاکی میں میزورم اور اُڈیشہ فائنل میں پہنچ گئے ہیں۔ وہیں مردوں کے ہاکی کا فائنل جھارکھنڈ اور اُڈیشہ کے بیچ کھیلا جائے گا۔ پہلے سیمی فائنل میں جھارکھنڈ نے مدھیہ پردیش کو ایک کے مقابلے 8 گول سے شکست دی۔ دوسرے سیمی فائنل میں اڈیشہ نے چھتیس گڑھ کو ایک کے مقابلے پانچ گول سے ہراکر فائنل میں جگہ بنائی۔

تمغوں کے معاملے میں کرناٹک، سونے کے 17 اور چاندی کے 6 تمغوں کے ساتھ سرفہرست ہے۔ وہیں اڈیشہ نے سونے کے 9 اور چاندی کے چار تمغے جیتے ہیں اور وہ دوسرے مقام پر ہے۔ اسی طرح اروناچل پردیش، سونے کے 6 اور چاندی کے ایک تمغے کے ساتھ تیسرے مقام پر ہے۔ چھتیس گڑھ میں 25 مارچ کو شروع ہوئے کھیلو انڈیا ٹرائیبل گیمز، 3 اپریل تک جاری رہیں گے۔ ان مقابلوں میں 30 ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کے تین ہزار سے زیادہ کھلاڑی حصہ لے رہے ہیں۔×

خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......شاہد حبیب

شکریہ – ضمیر

قومی راجدھانی دلی سے شائع ہونے والے آج کے تقریباً سبھی اردو اخبارات نے مردم شماری 2027 کے آغاز کی خبر کو شہ سرخی بنایا ہے، روزنامہ انقلاب کی سرخی ہے: ''یکم اپریل سے ملک میں مردم شماری کے آغاز کا اعلان''۔ اخبار کے مطابق دو مرحلوں پر مشتمل مردم شماری میں پہلے مرحلے میں خود سے ذاتی تفصیلات کا اندراج ہوگا، جبکہ دوسرے مرحلے میں گھروں کو شمار کیا جائے گا۔

مینوفیکچرنگ سیکٹر کی شاندار کارکردگی کی بدولت اس برس فروری میں ملک کی صنعتی پیداوار میں سالانہ بنیاد پر پانچ اعشاریہ دو فیصد اضافہ درج کیا گیا ہے۔ اس خبر کو بھی اخبارات نے اہتمام سے شائع کیا ہے۔

وزیر اعظم نریندر مودی آج گجرات کے احمدآباد میں جین ثقافت کے تاریخی و روحانی اثرات کو ظاہر کرنے والے سمراٹ، سمپرتی میوزیم کا افتتاح کریں گے، اس خبر کو بھی اخبارات نے نمایاں کیا ہے۔

بحران زدہ کمپنیوں کے حل کے عمل کو تیز تر کرنے کیلئے لوک سبھا میں دیوالیہ اور دیوالیہ پن ضابطہ (ترمیمی) بل 2025 کی منظوری کی خبر کو روزنامہ پرتاپ نے نمایاں کیا ہے۔

اخبارات کی کچھ اہم بین الاقوامی خبریں اس طرح ہیں:

☆ امریکہ نے مشرق وسطی میں 50 ہزار سے زائد فوجی تعینات کر دیے۔

☆ امریکہ کی نئ تجارتی پالیسی بنگلہ دیش کیلئے خطرہ بن گئی۔×

## آخر میں خاص خبریں ایک بار پھر

1- وزیراعظم نریندر مودی آج گجرات کے Vav-Tharad میں تقریباً 20 ہزار کروڑ روپے مالیت کے کئی ترقیاتی پروجیکٹوں کا آغاز کریں گے۔ وزیراعظم گاندھی نگر میں سمراٹ Samprati میوزیم کا بھی افتتاح کریں گے۔

2- وزیر داخلہ امت شاہ نے کہا ہے کہ مودی حکومت کی جانب سے کیے گئے اقدامات کے سبب ملک بائیں بازو کی انتہا پسندی سے پاک ہوگیا ہے۔

3- حکومت نے کل سے شروع ہو رہے مردم شماری 2027 کے پہلے مرحلے کیلئے 33 سوالات کو نوٹیفائی کیا ہے۔

4 - ملک بھر میں 24ویں اور آخری جین تیرتھنکر بھگوان مہاویر کے یومِ پیدائش پر آج مہاویر جینتی منائی جا رہی ہے۔

5- امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے خبردار کیا ہے کہ اگر تہران کے ساتھ جنگ ختم کرنے کیلئے سمجھوتہ جلد طے نہیں پاتا ہے تو ایران کے توانائی کے وسائل کو بڑے پیمانے پر تباہ کردیا جائے گا۔

6- اور : بھارت کی شیتل دیوی کو اُن کی غیر معمولی کامیابیوں کیلئے ورلڈ آرچری کی جانب سے سال 2025 کی پیرا تیر انداز قرار دیا گیا ہے۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

---